ورلڈکپ میں صرف انڈیا ہی نہیں باقی نو ٹیموں پر بھی توجہ ہے۔ بابر اعظم

کراچی 6 جولائی، 2023ء:

پاکستانی کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم کا کہنا ہے کہ ورلڈ کپ میں ان کی توجہ صرف ایک ٹیم انڈیا پر نہیں ہو گی بلکہ ان کے لیے بقیہ آٹھ ٹیموں سے بھی میچز اہمیت رکھتے ہیں۔ اگر وہ یہ میچز جیتیں گے تو اسی صورت میں فائنل میں پہنچیں گے۔

بابر اعظم نے پاکستانی کرکٹ ٹیم کی سری لنکا روانگی سے قبل نیشنل بینک اسٹیڈیم میں ہونے والی پریس کانفرنس میں کہا کہ ہم ورلڈ کپ کھیلنے جارہے ہیں صرف انڈیا سے کھیلنے نہیں جارہے ہیں۔ ہماری توجہ انڈیا کے علاوہ باقی آٹھ ٹیموں پر بھی مرکوز ہے۔ اگر وہ ان ٹیموں کے خلاف اچھا کھیلیں گے تو فائنل میں جائیں گے۔

بابر اعظم نے کہا کہ جہاں بھی کرکٹ ہو گی اور جہاں بھی میچز ہونگے وہ وہاں جا کر کھیلیں گے کیونکہ پروفیشنل کی حیثیت سے آپ کو ہر کنڈیشنز کے لیے تیار رہنا پڑتا ہے اسی کا نام چیلنج ہے۔ ہم ہر ملک میں جا کر وہاں پاکستان کو کامیابی سے ہمکنار کرنا چاہتے ہیں۔
بابر اعظم نے کہا کہ سری لنکا کے دورے سے نئے سیزن کا آغاز ہو رہا ہے۔ پاکستانی ٹیم کی تیاری اچھی ہے۔ پچھلی غلطیوں سے سیکھیں گے۔

بابر اعظم نے انگلینڈ کی طرز پر تیز رنز بنانے والی کرکٹ اپروچ کے بارے میں سوال پر کہا کہ ہر ٹیم اپنی حکمت عملی سے کھیلتی ہے۔ ہر ٹیم کا اپنا مائنڈ سیٹ ہوتا ہے ہم نے سری لنکا کے خلاف تین سو بیالیس رنز کا ہدف عبور کر کے میچ جیت رکھا ہے۔ ہمیں پتہ ہے کہ سری لنکا میں وکٹیں سلو ہوتی ہیں۔

انہوں نے کہا کہ پاکستانی بیٹرز اسپنرز پر حاوی بھی رہے ہیں لہذا یہ تاثر درست نہیں کہ انہیں اسپنرز سے کوئی ڈر خوف ہے۔ جب کوئی بھی بولر آپ کو ٹف ٹائم دیتا ہے تو پھر بیٹسمین کو بھی کچھ مختلف کرنا ہوتا ہے۔

بابر اعظم کا کہنا ہے کہ مکی آرتھر چونکہ دو سال سری لنکا کے ہیڈ کوچ رہ چکے ہیں انہیں وہاں کی کنڈیشنز کا بخوبی اندازہ ہے لہذا ان کا تجربہ ہمارے کام آئے گا۔

یاد رہے کہ مکی آرتھر اسوقت پاکستانی کرکٹ ٹیم کے ڈائریکٹر ہیں۔

بابر اعظم نے پاکستان کرکٹ بورڈ کی منیجمنٹ میں تبدیلی کے سوال پر کہا کہ ہمارا کام کھیلنا ہے اور ہماری مکمل توجہ کھیل پر ہوتی ہے۔ ٹیم کے پاس پورے سال کا شیڈول ہوتا ہے اور وہ اسی پر اپنی توجہ مرکوز رکھتی ہے۔

بابر اعظم نے کہا کہ فاسٹ بولرز نے کیمپ میں سخت محنت کی۔

بابر اعظم نے کہا کہ نائب کپتان کا حتمی ٹیم میں شامل ہونا ضروری نہیں ہے۔ سری لنکا میں بہترین کامبی نیشن میدان میں اتاریں گے۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial